The Absolute Reality

www.quran4u.com

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهِ نَفْسُهُ

اور ہم ہی نے انسان پیدا کیا ہے اور جو خیالات
اس کے دل میں گزرتے ہیں ہم انکو جانتے ہیں

# Quran With Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhari

(فتح محمد جالندہری)

ق

## Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

ج
ق

ق

وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ (1)

قرآن مجید کی قسم کہ محمد پیغمبر خدا ہے

بَلْ عَجِبُوا أَنْ جَاءَهُمْ مُنْذِرٌ مِنْهُمْ

لیکن ان لوگوں نے تعجب کیا کہ ان ہی میں سے ایک ہدایت کرنے والا انکے پاس آیا

فَقَالَ الْكَافِرُونَ هَذَا شَيْءٌ عَجِيبٌ (2)

تو کافر کہنے لگے کہ یہ بات تو (بڑی) عجیب ہے

أَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۖ

بھلا جب ہم مر گئے اور مٹی ہو گئے (تو پھر زندہ ہونگے ؟)

ذَٰلِكَ رَجْعٌ بَعِيدٌ (3)

یہ زندہ ہونا (عقل سے) بعید ہے

قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْأَرْضُ مِنْهُمْ ۖ

انکے جسموں کو زمین جتنا (کھا کھا کر) کم کرتی جاتی ہے ہم کو معلوم ہے

وَعِنْدَنَا كِتَابٌ حَفِيظٌ (4)

اور ہمارے پاس تحریری یادداشت بھی ہے

بَلْ كَذَّبُوا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ فَهُمْ فِي أَمْرٍ مَرِيجٍ (5)

بلکہ (عجیب بات یہ ہے کہ) جب انکے پاس (دین) حق آپہنچا تو انہوں
نے اس کو جھوٹ سمجھا تو یہ ایک الجھی ہوئی بات میں (پڑ رہے) ہیں

أَفَلَمْ يَنْظُرُوا إِلَى السَّمَاءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنَاهَا

کیا انہوں نے اپنے اوپر آسمان کی طرف نگاہ نہیں کی کہ ہم نے اس کو کیونکر بنایا

وَزَيَّنَّاهَا وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوجٍ (6)

اور (کیونکر) سجایا اور اس میں کہیں شگاف تک نہیں

وَالْأَرْضَ مَدَدْنَاهَا وَأَلْقَيْنَا فِيهَا رَوَاسِيَ

اور زمین کو (دیکھو اسے) ہم نے پھیلایا اور اس میں پہاڑ رکھ دیئے

وَأَنْبَتْنَا فِيهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ (7)

اور اس میں ہر طرح کی خوش نما چیزیں اگائیں

تَبْصِرَةً وَذِكْرَىٰ لِكُلِّ عَبْدٍ مُنِيبٍ (8)

تاکہ رجوع لانے والے بندے ہدایت اور نصیحت حاصل کریں

وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً مُبَارَكًا

اور آسمان سے برکت والا پانی اتارا

فَأَنْبَتْنَا بِهِ جَنَّاتٍ وَحَبَّ الْحَصِيدِ (9)

اور اس سے باغ و بستان اگائے اور کھیتی کا اناج

وَالنَّخْلَ بَاسِقَاتٍ لَهَا طَلْعٌ نَضِيدٌ (10)

اور لمبی لمبی کھجوریں جن کا گھابہ تہ بہ تہ ہوتا ہے

رِزْقًا لِلْعِبَادِ ۖ

(یہ سب کچھ) بندوں کو روزی دینے کے لئے (کیا ہے)

وَأَحْيَيْنَا بِهِ بَلْدَةً مَيْتًا ۚ

اور اس (پانی) سے ہم نے شہر مردہ (یعنی زمین افتادہ) کو زندہ کیا

كَذَٰلِكَ الْخُرُوجُ (11)

(بس) اسی طرح (قیامت کے روز) نکل پڑنا ہے

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَأَصْحَابُ الرَّسِّ وَثَمُودُ (12)

ان سے پہلے نوح کی قوم اور کنوئیں والے اور ثمود جھٹلا چکے ہیں

وَعَادٌ وَفِرْعَوْنُ وَإِخْوَانُ لُوطٍ (13)

اور عاد اور فرعون اور لوط کے بھائی

وَأَصْحَابُ الْأَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ ۚ

اور بن کے رہنے والے اور تبع کی قوم

كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيدِ (14)

(غرض) ان سب نے پیغمبروں کو جھٹلایا تو ہماری وعید (عذاب) بھی پوری ہو کر رہی

أَفَعَيِينَا بِالْخَلْقِ الْأَوَّلِ ۚ

کیا ہم پہلی بار پیدا کر کے تھک گئے ہیں؟

بَلْ هُمْ فِي لَبْسٍ مِنْ خَلْقٍ جَدِيدٍ (15)

نہیں بلکہ یہ از سر نو پیدا کرنے میں شک میں (پڑے ہوئے) ہیں

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهِ نَفْسُهُ ۖ

اور ہم ہی نے انسان کو پیدا کیا ہے اور جو خیالات اس کے دل میں گزرتے ہیں ہم انکو جانتے ہیں

وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ (16)

اور ہم اس کی رگ جان سے بھی اس سے زیادہ قریب ہیں

إِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيَانِ عَنِ الْيَمِينِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيدٌ (17)

جب (وہ کوئی کام کرتا ہے تو) دو لکھنے والے جو دائیں بائیں بیٹھتے ہیں لکھ لیتے ہیں

مَا يَلْفِظُ مِن قَوْلٍ إِلَّا لَدَيْهِ رَقِيبٌ عَتِيدٌ (18)

کوئی بات اس کی زبان پر نہیں آتی مگر ایک نگہبان اس کے پاس تیار رہتا ہے

وَجَاءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ۖ

اور موت کی بے ہوشی حقیقت کھولنے کو طاری ہوگئی

ذَٰلِكَ مَا كُنتَ مِنْهُ تَحِيدُ (19)

(اے انسان) یہی (وہ حالت) ہے جس سے تو بھاگتا تھا

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ ۚ

اور صور پھونکا جائے گا

ذَٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيدِ (20)

یہی (عذاب کے) وعید کا دن ہے

وَجَاءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَائِقٌ وَشَهِيدٌ (21)

اور ہر شخص (ہمارے سامنے) آئے گا ایک (فرشتہ) اسکے ساتھ
چلانے والا ہو گا اور ایک (اس کے عملوں کی) گواہی دینے والا

لَّقَدْ كُنتَ فِي غَفْلَةٍ مِّنْ هَٰذَا

(یہ وہ دن ہے کہ) اس سے تو غافل ہو رہا تھا

فَكَشَفْنَا عَنكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ (22)

اب ہم نے تجھ پر سے پردہ اٹھا دیا تو آج تیری نگاہ تیز ہے

وَقَالَ قَرِينُهُ هَٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيدٌ (23)

اور اسکا ہم نشین (فرشتہ) کہے گا کہ یہ اعمال نامہ میرے پاس حاضر ہے

أَلْقِيَا فِي جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيدٍ (24)

(حکم ہو گا کہ) ہر سرکش ناشکرے کو دوزخ میں ڈال دو

مَنَّاعٍ لِلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُرِيبٍ (25)

جو مال میں بخل کرنے والا حد سے بڑھنے والا شبے نکالنے والا تھا

الَّذِي جَعَلَ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ فَأَلْقِيَاهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيدِ (26)

جس نے خدا کے ساتھ اور معبود مقرر کر رکھے تھے تو اس کو سخت عذاب میں ڈال دو

قَالَ قَرِينُهُ رَبَّنَا مَا أَطْغَيْتُهُ وَلَٰكِنْ كَانَ فِي ضَلَالٍ بَعِيدٍ (27)

اس کا ساتھی (شیطان) کہے گا کہ اے ہمارے پروردگار میں نے

اس کو گمراہ نہیں کیا تھا بلکہ یہ آپ ہی راستے سے دور بھٹکا ہوا تھا

قَالَ لَا تَخْتَصِمُوا لَدَيَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ إِلَيْكُمْ بِالْوَعِيدِ (28)

(خدا) فرمائے گا کہ ہمارے حضور میں ردوکد (جھگڑے کی بات)

نہ کرو ہم تمہارے پاس پہلے ہی (عذاب کی) وعید بھیج چکے تھے

مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَا أَنَا بِظَلَّامٍ لِلْعَبِيدِ (29)

ہمارے ہاں بات بدلا نہیں کرتی اور ہم بندوں پر ظلم نہیں کیا کرتے

يَوْمَ نَقُولُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَأْتِ

اس دن ہم دوزخ سے پوچھیں گے کہ کیا تو بھر گئی؟

وَتَقُولُ هَلْ مِنْ مَزِيدٍ (30)

وہ کہے گی کچھ اور بھی ہے؟

وَأُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِينَ غَيْرَ بَعِيدٍ (31)

اور بہشت پرہیز گاروں کے قریب کردی جائے گی (کہ مطلق) دور نہ ہوگی

هَٰذَا مَا تُوعَدُونَ

یہی وہ چیز ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا

لِكُلِّ أَوَّابٍ حَفِيظٍ (32)

(یعنی) ہر رجوع لانے والے حفاظت کرنے والے سے

مَنْ خَشِيَ الرَّحْمَٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَاءَ بِقَلْبٍ مُنِيبٍ (33)

جو خدا سے بن دیکھے ڈرتا رہا اور رجوع لانے والا دل لے کر آیا

ادْخُلُوهَا بِسَلَامٍ ۖ

اس میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ

ذَٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُودِ (34)

یہ ہمیشہ رہنے کا دن ہے

لَهُمْ مَا يَشَاءُونَ فِيهَا وَلَدَيْنَا مَزِيدٌ (35)

وہاں وہ جو چاہیں گے انکے لئے حاضر ہے اور ہمارے ہاں اور بھی (بہت کچھ) ہے

وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِنْ قَرْنٍ هُمْ أَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا

اور ہم نے ان سے پہلے کئی امتیں ہلاک کر ڈالیں وہ ان سے قوت میں کہیں بڑھ کر تھے

فَنَقَّبُوا فِي الْبِلَادِ هَلْ مِنْ مَحِيصٍ (36)

وہ شہروں میں گشت کرنے لگے کہ کیا کہیں بھاگنے کی جگہ ہے؟

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَذِكْرَىٰ لِمَن كَانَ لَهُ قَلْبٌ أَوْ أَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيدٌ (37)

جو شخص دل (آگاہ) رکھتا ہے یا دل سے متوجہ ہو کر سنتا ہے اس کے لئے اس میں نصیحت ہے

وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ

اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو (مخلوقات) ان میں ہے سب کو چھ دن میں بنا دیا

وَمَا مَسَّنَا مِن لُّغُوبٍ (38)

اور ہم کو ذرا بھی تکان نہیں ہوا

فَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ

تو جو کچھ یہ (کفار) بکتے ہیں اس پر صبر کرو

وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوبِ (39)

اور آفتاب کے طلوع ہونے سے پہلے اور اسکے غروب ہونے
سے پہلے اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے رہو

وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَأَدْبَارَ السُّجُودِ (40)

اور رات کے بعض اوقات میں بھی اور نماز کے بعد بھی اس (کے نام) کی تنزیہہ کیا کرو

وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِن مَّكَانٍ قَرِيبٍ (41)

اور سنو جس دن پکارنے والا نزدیک کی جگہ سے پکارے گا

يَوْمَ يَسْمَعُونَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ۚ

جس دن لوگ چیخ یقیناً سن لیں گے

ذَٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوجِ (42)

وہی نکل پڑنے کا دن ہے

إِنَّا نَحْنُ نُحْيِي وَنُمِيتُ

ہم ہی تو زندہ کرتے ہیں اور ہم ہی مارتے ہیں

وَإِلَيْنَا الْمَصِيرُ (43)

اور ہمارے پاس ہی لوٹ کر آنا ہے

يَوْمَ تَشَقَّقُ الْأَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ج

اس دن زمین میں ان پر سے پھٹ جائے گی اور وہ جھٹ پٹ نکل کر کھڑے ہونگے

ذَٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيرٌ (44)

یہ جمع کرنا ہمیں آسان ہے

نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُونَ صلے

یہ لوگ جو کچھ کہتے ہیں ہمیں خوب معلوم ہے

وَمَا أَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ صلے

اور تم ان پر زبردستی کرنے والے نہیں ہو

فَذَكِّرْ بِالْقُرْآنِ مَنْ يَخَافُ وَعِيدِ (45)

پس جو ہمارے (عذاب کی) وعید سے ڈرے اسکو قرآن سے نصیحت کرتے رہو


© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com